# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 23 August 2026**
**Time : 12:30 PM**

---

**Opening**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل۔

سپیس ڈے

ملک میں آج نیشنل سپیس ڈے منایا جارہا ہے۔وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اس دن کے موقعے پر سائنس دانوں، انجینئروں اور خلائی شعبے سے وابستہ افراد کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بدلتے ہوئے عالمی نظام میں بھارت مسلسل اپنے خلائی شعبے کو وسعت دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے Gen-Z انجینئرس، ڈیزائنر اور سائنس دان جدید ٹیکنالوجی تیار کررہے ہیں، جبکہ بھارت کے نجی خلائی شعبے نے بھی عالمی سطح پر اپنی منفرد شناخت قائم کی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کا عزم کیا ہے،جس کی تکمیل میں خلائی شعبہ اہم اور کلیدی کردار ادا کرے گا۔

LG سپیس ڈے

ادھر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی نیشنل سپیس ڈے کے موقعے پر اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی خلائی ماہرین اور سائنسدانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی محنت،عزم اور صلاحیتوں کی سراہنا کی ہے۔منوج سنہا نے کہا کہ خلائی ماہرین کی کامیابیوں نے ملک کا وقار بلند کرنے کے ساتھ ساتھ آتم نربھر بھارت کے جذبے کو بھی مضبوط کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت کا خلائی پروگرام نوجوان نسل کو سائنس اور خلاء کے میدان میں نئی منزلیں تلاش کرنے کی ترغیب دے رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ تعلیمی ادارے نہ صرف تعلیم یافتہ لڑکیاں بلکہ پُر اعتماد نوجوان خواتین تیار کررہے

ہیں جن کا اعتماد جموں و کشمیر کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کا مقصد بچوں کو صرف پیروی اور اطاعت سکھانا نہیں بلکہ انہیں سوال کرنے، آزادانہ سوچ رکھنے اور اپنے مطالبات اجاگر کرنے کے قابل بھی بنانا ہے۔

وہ راجباغ سرینگر میں ایک تعلیمی ادارے کی سالانہ دن تقریب پر اظہار خیال کرر ہے تھے۔ اس موقعہ پر عمر عبداللہ نے کہا کہ بیٹیوں کے لیے محفوظ اور مساوی ماحول فراہم کرنا معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

سکینہ ایتو

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت دیہی علاقوں میں طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کیلئے معیاری اور قابل رسا صحت خدمات دستیاب کرانے کیلئے حکومت متعدد اقدامات کررہی ہے۔ وہ کولگام کے کلورہ ڈی ایچ پورہ میں گورنمنٹ آیوش ڈسپنسری کی نئی عمارت کا افتتاح کرنے کے موقعے پر لوگوں کے ایک اجتماع سے خطاب کررہی تھیں۔

کالج

جموں وکشمیر کے سرکاری کالجوں میں امسال انڈر گریجویٹ داخلوں میں 16 فیصد کا اضافہ درج ہوا ہے۔ رواں تعلیمی سیشن کے پہلے مرحلے میں یوٹی بھر کے 106 ڈگری کالجوں میں 47 ہزار 150 انڈر گریجویٹ طلبا نے داخلہ لیا ہے۔

ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے کہا کہ قومی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے کئی شعبوں میں داخلوں کے رجحان میں کمی کے تناظر میں یہ اضافہ خاص اہمیت کا حامل ہے۔

ہینڈی کرافٹس

جموں وکشمیر کی روایتی دستکاری صنعت کی خصوصیات کو برقرار رکھنے کیلئے ایک اہم پیش رفت کے تحت محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم نے سری نگر میں اپنی کوالٹی کنٹرول ڈویژن میں QR GI کوڈ مینجمنٹ سسٹم کا باضابطہ آغاز کیا۔

اس عمل کا مقصد ہاتھ سے بنی مصنوعات کی اصلیت کی تصدیق کرنا اور انہیں مارکیٹ میں مناسب قیمت دلانا ہے۔ محکمے نے کاریگروں، بنکروں اور دیگر متعلقین سے کہا ہے کہ وہ اپنی مصنوعات پر لیبل لگوائیں تاکہ کشمیر کی شاندار دستکاریوں کا برانڈ ویلیو برقرار رکھا جاسکے۔

جسٹس سنجیو کمار

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس جسٹس سنجیو کمار نے کہا ہے کہ جغرافیائی فاصلے دشوار گزار علاقوں میں کبھی بھی انصاف کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے چاہئیں۔ گورنمنٹ ڈگری کالج ٹنگڈار میں قانونی

بیداری سے متعلق ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پرزور دیا ہے انصاف کی فراہمی کا نظام معاشرے کے ہر طبقے کے لیے قابلِ رسا ہونا چاہیے۔

اطہر عامر

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے مختلف سرکاری اسکیموں کے بارے میں جانکاری عام کرنے اورنوجوانوں کی صلاحیت سازی پرزور دیا ہے۔وہ ضلع میں مشن یووا ،ہولیسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام، JKCIP اور پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا کے عمل درآمد اور پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔انہوں نے متعلقہ محکموں اورایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اہل اور خواہشمند کاروباری افراد بغیر کسی غیرضروری تاخیر کے ان اسکیموں سے مستفید ہوسکیں۔

سنکپ ہب

شوپیان کے ڈائر وعلاقے میں مشن شکتی کے تحت خواتین کو بااختیار بنانے والے مرکز سنکلپ ہب کی جانب سے ایک بیداری پیروگرام منعقد ہوا،جس دوران خواتین کو ان کے حقوق،مختلف سرکاری فلاحی سکیموں کے حوالے سے جانکاری فراہم کی گئی۔

**Food**

فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن نے جموں کشمیر بھر میں دودھ اوراس سے بنی اشیا کی کوالٹی چیکنگ کیلئے مختلف علاقوں میں معائینوں کے دوران **178** نمونے جانچ کیلئے حاصل کئے ہیں۔واضح رہے کہ یوٹی بھر میں اس حوالے سے ایک مہم شروع کی گئی ہے جس دوران کھانے پینے کی چیزوں کے معیار کو برقرار رکھنے کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں **FDA** نے متعدد علاقوں میں اپنی کارروائیوں کے دوران **198** معائینے کئے ہیں۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ